# پی ایم مودی نے 'نشہ مکت ابھیان' میں فعال شرکت کی اپیل کی

## تہواروں میں ملک میں بنا سامان خریدیں، ووکل فار لوکل کو بنائیں عوامی مہم، بیٹیوں کے خوابوں کی پرواز خلاء تک پہنچ رہی ہے، ماہانہ پروگرام من کی بات میں وزیر اعظم کا اظہار خیال

نئی دہلی، (یواین آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے نوجوانوں کو نشے سے دور رکھنے اور نشہ سے پاک ہندوستان (نشہ مکت بھارت) کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششیں کرنے کی اپیل کی ہے۔ مسٹر مودی نے اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات میں اتوار کے روز کہا کہ نشہ مکت یوا فار وکست بھارت مہم اس وقت پورے ملک میں تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ اس کا مقصد واضح ہے نشہ سے پاک نوجوان اور ڈرگ فری انڈیا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں نوجوان اس مہم سے جڑ رہے ہیں اور یہ ہندوستان کے نوجوانوں کی صحت، خوشی اور روشن مستقبل کے لیے ایک اجتماعی عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ نشے کی لت کا اثر صرف اس شخص تک محدود نہیں رہتا، بلکہ اس کے برے نتائج پورے خاندان اور معاشرے کو بھی بھگتنے پڑتے ہیں۔ انہوں نے ان لوگوں کی تعریف کی جو منشیات کے خلاف لوگوں کو بیدار کرنے کے ساتھ ساتھ نشے کی لت سے جوجھ رہے لوگوں کی مدد کے لیے آگے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نشہ مکت بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے معاشرے کے ہر طبقے کی شرکت ضروری ہے۔

مسٹر مودی نے نوجوانوں، طالب علموں، موسیقاروں اور تھیٹر گروپس سے تخلیقی ذرائع کے ذریعے نشے کے خلاف پیغام دینے کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان موسیقار ایسے گانے تیار کر سکتے ہیں جن میں نشہ سے پاک زندگی کا پیغام ہو۔ طالب علم اور تھیٹر گروپس ایسے چھوٹے ڈرامے تیار کر سکتے ہیں جو نشے کے خطرات کے ساتھ ساتھ اس سے باہر نکلنے کا راستہ بھی دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بہترین کنٹینٹ کریئیٹرز کی کمی نہیں ہے اور وہ مختلف ہندستانی زبانوں میں ایسا موثر مواد تیار کر سکتے ہیں جو معاشرے کو نشے کے خلاف بیدار کرنے میں مددگار ہو۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کئی بار تخلیقی کوششیں رسمی مہمات کے مقابلے زیادہ موثر ثابت ہوتی ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے اپنی کوششوں کو سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے نوجوانوں کو نشے سے دور رکھنے اور انہیں نشہ سے پاک رکھنے کو ایک مقدس کام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس مہم میں ہر شخص اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے لوگوں سے اپنی کوششوں کو #نشہ مکت یوا کے ساتھ سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کی بھی درخواست کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کچھ وقت پہلے تک ایوکاڈو پھل کو بہت کم لوگ جانتے تھے اور اس کی مانگ بھی محدود تھی، لیکن آج یہ لوگوں کی ڈائننگ ٹیبل تک پہنچ چکا ہے۔ مسٹر مودی نے ملک میں ایوکاڈو کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور اس کی کاشت سے کسانوں کو ہونے والے فائدے کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ وقت پہلے تک ایوکاڈو کو بہت کم لوگ جانتے تھے اور اس کی مانگ بھی محدود تھی، لیکن آج یہ لوگوں کی ڈائننگ ٹیبل تک پہنچ چکا ہے۔ صحت کے تئیں بڑھتی ہوئی بیداری کے ساتھ یہ پریمیم مارکیٹ کی پسند بن رہا ہے اور کسانوں کے لیے بھی آمدنی بڑھانے کا ایک نیا موقع پیدا کر رہا ہے۔

مودی نے اہل وطن سے ووکل فار لوکل مہم کو ایک وسیع عوامی تحریک بناتے ہوئے آنے والے تہواروں کے دوران ملک میں بنے سامان کو اہمیت دینے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ خود کفیل ہندوستان کا راستہ دیسی مصنوعات پر فخر کرنے سے ہی ہموار ہوگا۔ مسٹر مودی نے اتوار کو آل انڈیا ریڈیو سے نشر ہونے والے اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات کی 137 ویں قسط میں کہا کہ تہوار نہ صرف ملک کی روایتوں کا حصہ ہیں، بلکہ یہ تہوار لوگوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں جنم اشٹمی، وشوکرما پوجا اور دیوالی جیسے اہم تہوار منائے جائیں گے۔ وشوکرما پوجا کے موقع پر لوگوں کو اپنے آس پاس کے کاریگروں، دستکاروں اور وشوکرما ساتھیوں کا احترام کرنا چاہیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دیوالی کی تیاریاں بھی آہستہ آہستہ شروع ہو رہی ہیں اور تہواروں کے اس موسم میں وہ ایک بار پھر اہل وطن سے ووکل فار لوکل کو اپنانے کی اپیل کرتے ہیں۔ ووکل فار لوکل کا مطلب صرف مٹی کے دیے خریدنا نہیں ہے، بلکہ اس کا نقطہ نظر بہت وسیع ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپنے گھر کے لیے کوئی بھی سامان خریدتے وقت یہ دیکھنے کی درخواست کی کہ وہ ہندوستان میں بنا ہوا ہو۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج ہندوستان کی بیٹیوں کے خوابوں کی اڑان زمین سے نکل کر خلاء تک پہنچ رہی ہے۔ مسٹر مودی نے بیٹیوں کی بڑھتی ہوئی خلائی امنگوں اور سائنس و ٹیکنالوجی کے شعبے میں ان کی شرکت کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہندوستان کی بیٹیوں کے خوابوں کی اڑان زمین سے نکل کر خلاء تک پہنچ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کوشش کا نام مشن شکتی سیٹ ہے۔ اس کے ذریعے 108 ممالک کی 12 ہزار طالبات کو سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سیکھنے اور جدت طرازی کے شعبے میں آگے بڑھنے کا موقع مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہل طالبات کو خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 23 اگست کو قومی خلائی دن کے موقع پر اتر پردیش کے گریٹر نوئیڈا میں واقع گوتم بدھ یونیورسٹی میں مشن شکتی سیٹ کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہوا۔

مودی نے کہا ہے کہ صفائی ستھرائی کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ جب کسی جگہ کو صاف رکھنے کا عزم وہاں کے لوگوں کا اپنا عزم بن جاتا ہے، تو تبدیلی صرف صاف صفائی تک محدود نہیں رہتی، بلکہ اس جگہ کی پوری پہچان بدل جاتی ہے۔ مسٹر مودی نے اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات میں آج صفائی کے لیے ملک کے مختلف حصوں میں ہو رہی عوامی شرکت کی کوششوں کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ جب کسی مقام کو صاف رکھنے کا عزم وہاں کے لوگوں کا اپنا عزم بن جاتا ہے، تو تبدیلی صرف صاف صفائی تک محدود نہیں رہتی، بلکہ اس جگہ کی پوری پہچان بدل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں صفائی کے لیے کی جانے والی ایسی کوششیں مسلسل ترغیب دیتی ہیں۔ انہوں نے اتر پردیش کے رام پور ضلع کے پٹوائی گاؤں کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ آکاش اور روہن نام کے دو دوستوں نے اپنے آس پاس کے علاقے کو گندگی سے بھرا دیکھا تو انہوں نے خود صفائی کا بیڑا اٹھایا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کسی شخص کا چھوٹا سا شوق بھی محنت اور صحیح رہنمائی کے ساتھ زندگی میں بڑے امکانات کا راستہ کھول سکتا ہے اور ایک چھوٹی سی کوشش دیکھتے ہی دیکھتے متعدد لوگوں کی زندگی میں مثبت تبدیلی لا سکتی ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ ناگالینڈ کے پھیک ضلع کی ویسالو پرو نے پھولوں کے تئیں اپنے شوق کو محنت کے بل بوتے پر کامیابی کے نئے مواقع میں تبدیل کر دیا ہے۔ کسان خاندان میں پلی بڑھی ویسالو پرو کو بچپن ہی سے پھولوں سے لگاؤ تھا اور 2021 میں انہوں نے چھوٹے پیمانے پر پھولوں کی کھیتی شروع کی۔



# دہلی: سی این جی کی قیمت میں تازہ اضافے پر 'چالک شکتی یونین' چراغ پا، 3 ستمبر کو احتجاج کا اعلان



نئی دہلی۔ (ایجنسی) دہلی میں سی این جی کی قیمت بڑھنے کے بعد ٹیکسی ڈرائیوروں کا غصہ ایک بار پھر سامنے آیا ہے۔ 29 اگست سے سی این جی کی قیمت 3.89 روپے فی کلو بڑھ کر 86.98 روپے ہوگئی ہے، جس کے خلاف 'چالک شکتی یونین' نے اب دہلی کی سڑکوں پر اترنے کا اعلان کیا ہے۔ یونین کے مطابق 3 ستمبر کو بڑا اور پر امن احتجاج کیا جائے گا۔ ڈرائیوروں کا کہنا ہے کہ ایندھن مسلسل مہنگا ہو رہا ہے لیکن ان کی آمدنی پرانے کرایے کے حساب سے ہی چل رہی ہے۔ دہلی میں اس سے قبل سی این جی 83.09 روپے فی کلو مل رہی تھی۔ اب قیمت بڑھ کر 86.98 روپے ہوگئی ہے۔ ٹیکسی ڈرائیوروں کے لیے یہ اضافہ اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ دن بھر سڑک پر گاڑی چلانے کے دوران سی این جی کی کھپت کافی ہوتی ہے۔ ایسے میں ہر کلو پر بڑھے 3.89 روپے کا براہ راست اثر ان کے روزانہ اور ماہانہ ایندھن کے خرچ پر پڑ رہا ہے۔ ڈرائیوروں کا کہنا ہے کہ پریشانی صرف سی این جی تک محدود نہیں ہے۔ گزشتہ کئی برسوں میں گاڑی کا بیمہ، سروسنگ، اسپیئر پارٹس، ٹائر اور دیگر دیکھ بھال کے اخراجات بھی مسلسل بڑھے ہیں۔ دوسری جانب سٹی ٹیکسی کا کرایہ تقریباً 15 سال سے نہیں بڑھایا گیا ہے۔ یعنی آمدنی پرانے کرایے کے حساب سے ہے، جبکہ گاڑی چلانے کا خرچ مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ 'چالک شکتی یونین' کا کہنا ہے کہ بڑھتی لاگت کے مقابلے میں موجودہ ٹیکسی کرایہ اب کافی نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یونین حکومت سے سٹی ٹیکسی کے کرایے میں فوری طور پر مناسب ترمیم کا مطالبہ کر رہی ہے۔ یونین نے حکومت کو 2 ستمبر تک کرایے میں اضافے کا فیصلہ کرنے کی مہلت دی ہے۔ کرایہ بڑھانے کے مطالبے کو لے کر ٹیکسی ڈرائیور پہلے بھی احتجاج کر چکے ہیں۔ چالک شکتی کے مطابق 21، 22 اور 23 مئی 2026 کو علامتی ہڑتال اور احتجاج کیا گیا تھا۔ اس کے بعد 22 مئی کو اسپیشل ٹرانسپورٹ کمشنر کے ساتھ میٹنگ ہوئی تھی۔ یونین کا دعویٰ ہے کہ اس میٹنگ میں سٹی ٹیکسی کے کرایے میں ترمیم کے سلسلے میں جلد کارروائی کی یقین دہانی کرائی گئی تھی، لیکن اس کے بعد کرایے میں اضافے کو لے کر کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آیا۔ قابل ذکر ہے کہ اب سی این جی کی قیمت میں ہوئے نئے اضافے نے اس پرانے معاملے کو پھر گرما دیا ہے۔ یونین کا کہنا ہے کہ اگر 2 ستمبر تک حکومت نے سٹی ٹیکسی کے کرایے میں مناسب اضافے کا فیصلہ نہیں لیا تو 3 ستمبر کو دہلی کی سڑکوں پر بڑے پیمانے پر پر امن احتجاج کیا جائے گا۔ ٹیکسی ڈرائیوروں کی ناراضگی کی وجہ صاف ہے، ایک طرف سی این جی سمیت گاڑی چلانے کا خرچ بڑھ رہا ہے اور دوسری طرف مسافروں سے ملنے والا کرایہ طویل عرصے سے پرانی سطح پر ہے۔

# اڈیشہ حکومت کا عدالتی حکم کے باوجود نان و نفقہ ادا نہ کرنے والوں کی تنخواہ سے رقم کاٹنے کا حکم

بھونیشور، (یواین آئی) اڈیشہ میں اب ایسے سرکاری ملازمین کی تنخواہ سے نان و نفقہ کی رقم براہِ راست کاٹ لی جائے گی جو عدالت کے حکم کے باوجود اپنی بیوی یا بچوں کو نان و نفقہ ادا نہیں کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے اس سلسلے میں ہدایات جاری کی ہیں۔ یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ کی عوامی سماعت کے دوران ان خواتین اور بچوں کی جانب سے بار بار موصول ہونے والی شکایات کے بعد کیا گیا ہے، جنہیں عدالت کے حکم کے باوجود نان و نفقہ کی رقم نہیں مل رہی تھی۔ اطلاعات کے مطابق ہر عوامی سماعت میں اوسطاً ایسے دو سے تین معاملات شکایتی سیل کے سامنے آتے ہیں۔ مسٹر مانجھی نے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے آج حکومت کو ہدایت دی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے ملازمین کی تنخواہوں سے عدالت کے حکم کے مطابق نان و نفقہ کی رقم وصول کر کے براہِ راست مستحقین کو ادا کی جائے۔ ریاستی حکومت کی ہدایات کے مطابق جیسے ہی عدالت کی جانب سے نان و نفقہ ادا کرنے کا حکم موصول ہوگا، متعلقہ محکمہ کا "آہرن و ترسیل افسر" (ڈی ڈی او) ملازم کی ماہانہ تنخواہ سے مقررہ رقم کاٹ لے گا۔ اس کے بعد یہ رقم الیکٹرانک طریقے سے ملازم کی بیوی یا بچوں کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے ایک بیان میں کہا کہ کسی سرکاری ملازم کی جانب سے عدالت کے حکم کی تعمیل نہ کرنا اور اپنی بیوی و بچوں کو مالی مدد فراہم کرنے سے انکار برداشت نہیں کیا جائے گا۔

# کسانوں کی حمایت میں دہلی اور ہریانہ کی کھاپ پنچایتیں آئیں

نئی دہلی، (یواین آئی) دہلی دیہات کی زرعی زمین کے سرکل ریٹ میں اضافے کے مطالبے کے تعلق سے جاری کسانوں کی تحریک کو دہلی اور ہریانہ کی مختلف کھاپوں نے اپنی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ دارالحکومت کے کنجھاولا گاؤں میں اتوار کو اس سلسلے میں منعقدہ پنچایت میں کھاپوں کے نمائندوں نے کسانوں کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون اور ساتھ دینے کا یقین دلایا۔ پنچایت کی صدارت چودھری مول چند سہراوت کھاپ نے کی۔ اس موقع پر دہلی پردیش کانگریس کے سینئر ترجمان ڈاکٹر نریش کمار نے کانگریس کی طرف سے کسانوں کی تحریک کو حمایت دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہلی دیہات کے کسانوں کے مطالبات مکمل طور پر جائز ہیں اور کانگریس کسانوں کے حقوق کی لڑائی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کا اہم مطالبہ ہے کہ زرعی زمین کا سرکل ریٹ بڑھا کر 25 کروڑ روپے فی ایکڑ کیا جائے۔ اس کے علاوہ جس کسان کی زمین حکومت حاصل کرے، اس کے خاندان کے ایک رکن کو سرکاری نوکری دی جائے۔ یہ مطالبات کسانوں کے حقوق اور ان کے مستقبل سے براہ راست جڑے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر کمار نے دہلی دیہات کے کسانوں اور تمام کھاپوں سے اپیل کی کہ چار ستمبر 2026 کو جنتر منتر پر ہونے والے دھرنے میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شامل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کسانوں کے حق اور ان کے مستقبل کی لڑائی ہے، جسے پوری مضبوطی کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ اس پروگرام میں اولڈ روہتک ضلع کھاپ کے کنوینر چودھری سنجے دیسوال، پالم 360 کھاپ کے چودھری رام کمار سولنکی، ڈاسا کھاپ کے چودھری خزان سنگھ، بوانہ 52 کھاپ کے چودھری پروین سہراوت، پانچ ٹیکری کھاپ کے ماسٹر انار سنگھ، کھتری کھاپ کے چودھری اشوک، اوم پرکاش نروال کھاپ، چودھری ستیش سروہا کھاپ، بلند کھاپ کے شری پال، جنگ کھاپ کے چودھری امید کواڑ سمیت گھروانڈا کھاپ اور نہرا کھاپ کے صدور نے حصہ لیا۔ تمام نمائندوں نے کسانوں کی تحریک کی حمایت کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا وعدہ کیا۔ پالم 360 کھاپ کے سربراہ چودھری رام کمار سولنکی نے تمام کھاپوں اور کسانوں سے چار ستمبر کو جنتر منتر پر ہونے والے دھرنے میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

# جیتن رام مانجھی نے 'غریب چوپال' میں ریزرویشن سسٹم میں تبدیلیوں کا مسئلہ اٹھایا

موتیہاری، (یواین آئی) بہار کے سابق وزیر اعلیٰ جیتن رام مانجھی اور بہار حکومت کے وزیر سنتوش کمار سمن نے اتوار کو موتیہاری میں ہندوستانی عوام مورچہ کے زیر اہتمام "غریب چوپال" میں غریبوں اور پسماندہ لوگوں کے حقوق اور ریزرویشن نظام میں تبدیلی کا مسئلہ نمایاں طور پر اٹھایا۔ مسٹر مانجھی نے ریزرویشن ترامیم کے معاملے پر لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی HAM غریبوں کے لیے لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منہ میں چاندی کا چمچہ لے کر پیدا ہونے والے ریزرویشن میں ترمیم کے مطالبے سے پریشان ہیں۔ انہوں نے غریبوں اور پسماندہ افراد کے مفاد میں ریزرویشن سسٹم میں تبدیلیوں کی ضرورت کو دہرایا۔ مسٹر سمن نے کہا کہ تحفظات کو تقسیم کیا جانا چاہیے تاکہ پسماندہ افراد کو ان کے حقوق مل سکیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وہ کسی دھمکی یا دباؤ میں پیچھے نہیں ہٹیں گے اور عوام ان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہم موتیہاری سے شروع ہوئی ہے اور غریبوں کے حقوق کی لڑائی جاری رہے گی۔ ایچ اے ایم لیڈر نے لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہول گاندھی کے چائے کی دکانوں پر الگ الگ کپوں میں چائے پیش کیے جانے کے بارے میں بیان پر بھی ردعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اب کئی جگہوں پر چائے کلہاڑ میں پیش کی جاتی ہے اور معاشرے کو تقسیم کرنے کی نیت سے ایسے بیانات دیے جاتے ہیں۔

# ہندوستان نے 2025-26 کے مالیاتی خسارے کا ہدف حاصل کر لیا

## 2030 تک قرض اور جی ڈی پی کا تناسب 50 فیصد کرنے کا ہدف: سیتارمن



نئی دہلی، (یواین آئی) مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ ہندوستان نے مالی سال 2025-26 کے لیے مقررہ مالیاتی استحکام کا ہدف حاصل کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بنیادی ڈھانچے پر اخراجات اور فلاحی پروگرام جاری رکھتے ہوئے مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے پر عزم ہے۔ شکاگو میں ہندوستانی نژاد افراد سے خطاب کرتے ہوئے سیتارمن نے کہا کہ "حکومت نے مالیاتی خسارے میں کمی کے طے شدہ منصوبے کے آخری مرحلے کا ہدف حاصل کر لیا ہے۔" انہوں نے بتایا کہ 31 مارچ 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال میں ہندوستان کا مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کا 4.4 فیصد رہا، جو تقریباً 15.19 لاکھ کروڑ روپے بنتا ہے۔ یہ مرکزی بجٹ میں پیش کیے گئے نظر ثانی شدہ تخمینے کا 97.5 فیصد ہے۔ وزیر خزانہ نے حکومت کی درمیانی مدت کی قرض حکمت عملی بھی بیان کی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا ہدف ہے کہ 2030 تک قرض اور جی ڈی پی کا تناسب 50 فیصد تک لایا جائے۔ انہوں نے بھارت کی مالیاتی پوزیشن کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ کئی ترقی یافتہ ممالک میں قرض کی سطح اس کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے اور مالیاتی احتیاط حکومت کی ترجیح برقرار رہے گی۔

سیتارمن نے کہا کہ حکومت نے سماجی بہبود اور عوامی بنیادی ڈھانچے پر اخراجات کو متاثر کیے بغیر مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کووڈ-19 وبا کے بعد درپیش متعدد بیرونی اقتصادی جھٹکوں سے معیشت کو نکالنے میں حکومت کی مالیاتی حکمت عملی کو بھی اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ "روس-یوکرین تنازع، عالمی محصولات سے متعلق تنازعات اور آبنائے ہرمز کے آس پاس پیدا ہونے والی رکاوٹوں جیسے چیلنجوں کے باوجود بھارت کی داخلی معیشت تقریباً 7 فیصد یا اس سے زیادہ کی شرح سے مسلسل ترقی کرتی رہی ہے۔" سیتارمن نے کھاد کی فراہمی کے انتظامات کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ حکومت نے پیشگی طور پر خریداری کی ضروریات کا اندازہ لگا کر اور متعدد ذرائع سے کھاد حاصل کر کے قلت پیدا نہیں ہونے دی۔ انہوں نے بتایا کہ وبا کے بعد عالمی سطح پر یوریا کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا اور یہ تقریباً 300 روپے فی بوری سے بڑھ کر 3,000 روپے کے قریب پہنچ گئی۔ حکومت نے سبسڈی کے ذریعے اس اضافے کا بڑا حصہ برداشت کیا اور تقریباً 2,700 روپے فی بوری کی امداد فراہم کی۔

وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ حکومت نے اس وقت جہاز رانی اور درآمدات کے شعبے کو بھی مدد فراہم کی جب بین الاقوامی بیمہ کمپنیوں نے زیادہ خطرے والے بحری راستوں سے گزرنے والے جہازوں کو بیمہ فراہم کرنے میں ہچکچاہٹ ظاہر کی۔ حکومت نے بجٹ سے مالی امداد کے ذریعے شپنگ کمپنیوں کے زیادہ بیمہ اخراجات کی تلافی کی، جس سے درآمدات کا سلسلہ برقرار رکھنے میں مدد ملی۔ بھارت کی تجارتی حکمت عملی کے بارے میں سیتارمن نے کہا کہ کثیر ملکی تجارتی مذاکرات میں بڑھتی ہوئی مشکلات کے پیش نظر ملک دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے معاہدوں پر توجہ جاری رکھے گا۔ انہوں نے یورپی یونین، آسٹریلیا، متحدہ عرب امارات اور ای ایف ٹی اے ممالک سمیت اہم تجارتی شراکت داروں اور گروپوں کے ساتھ جاری مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے کے لیے دو طرفہ معاہدوں کی اہمیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ سیتارمن نے کہا کہ "تجارتی معاہدوں کا سلسلہ جاری ہے۔ دو طرفہ سطح پر ہم تجارتی معاہدوں کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔" تاہم انہوں نے تسلیم کیا کہ کثیر ملکی تجارتی فریم ورک کے ذریعے پیش رفت کی رفتار سست ہوئی ہے۔ وزیر خزانہ 25 اگست سے 2 ستمبر تک کینیڈا اور امریکہ کے نو روزہ سرکاری دورے پر ہیں۔ شکاگو میں اپنی مصروفیات کے بعد وہ شمالی کیرولائنا کے شہر ایشویل میں جی 20 کے مالیاتی امور سے متعلق اجلاسوں میں شرکت کریں گی۔

# منوج جرانگے نے مراٹھا ریزرویشن پر جاری کیا الٹی میٹم، ممبئی جانے کا کیا اعلان

ممبئی (ایجنسی) مراٹھا ریزرویشن تحریک کے اہم لیڈر منوج جرانگے پاٹل نے مہاراشٹر حکومت کو ایک بار پھر بڑی تحریک شروع کرنے کی وارننگ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر 12 ستمبر تک حکومت نے مراٹھا برادری کے اہم مطالبات پر ٹھوس فیصلہ نہیں لیا تو ریاست بھر سے مراٹھا برادری ممبئی کی جانب کوچ کرے گی۔ جرانگے پاٹل نے الزام عائد کیا ہے کہ حکومت تحریک کو محدود کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مراٹھا برادری کی تعداد اور تحریک کی طاقت کو کسی بھی طرح نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مہاراشٹر کے ساتھ ساتھ ممبئی میں رہنے والے مراٹھا برادری کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ تحریک کے دوران عام شہریوں کو کسی طرح کی پریشانی نہ ہو۔ جرانگے نے کہا کہ ممبئی میں ایسا پر امن ماحول بنایا جانا چاہیے، جس سے لوگوں کو یہ واضح ہو کہ مطالبات کا حل نہ ہونے کی وجہ سے مراٹھا برادری کو ممبئی کا رخ کرنا پڑا ہے۔ منوج جرانگے پاٹل نے مزید کہا کہ مراٹھا برادری کو مستقل اور موثر ریزرویشن دلانے کا راستہ صرف کنبی ریزرویشن سے ہی نکل سکتا ہے۔ انہوں نے ایس ای بی سی، ای ڈبلیو ایس، سارتھی اور کنبی سے متعلق سرکاری جی آر سمیت دیگر مسائل کو بھی تحریک میں نمایاں طور پر اٹھانے کی بات کہی۔

# ہلدوانی میں 'شدھی کرن' کے خلاف دہلی میں یوتھ کانگریس کا آر ایس ایس دفتر کے باہر احتجاج



نئی دہلی: اتراکھنڈ کے ہلدوانی میں کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کے جلسے کے بعد مبینہ طور پر اسٹیج کی "شدھی کرن" کی تقریب منعقد کیے جانے کے خلاف انڈین یوتھ کانگریس نے اتوار کو نئی دہلی میں راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے دفتر کے باہر احتجاج کیا۔ احتجاج کے دوران کارکنوں نے قدیم مذہبی متن منوسمرتی کی نقول نذرِ آتش کر کے مبینہ ذات پات پر مبنی ذہنیت کے خلاف اپنا احتجاج درج کرایا۔ احتجاج کے پیش نظر دہلی پولیس نے آر ایس ایس دفتر کے اطراف میں بڑی تعداد میں پولیس اہلکار تعینات کیے۔ پولیس نے انڈین یوتھ کانگریس کے قومی صدر ادے بھانو چب سمیت متعدد کارکنوں کو حراست میں لے لیا اور انہیں پہاڑ گنج پولیس اسٹیشن منتقل کیا۔ احتجاج کے دوران یوتھ کانگریس کارکنوں نے "ہمیں آئین چاہیے، منوسمرتی نہیں" جیسے نعرے لگائے۔ مظاہرین نے آر ایس ایس سے مبینہ ذات پات پر مبنی سوچ رکھنے پر ملک سے معافی مانگنے کا مطالبہ بھی کیا۔

یوتھ کانگریس کے قومی صدر ادے بھانو چب نے الزام عائد کیا کہ آر ایس ایس اور بی جے پی کی بنیادی نظریاتی سوچ منوسمرتی سے متاثر ہے اور یہ سوچ دلتوں کے خلاف اور سماج کو تقسیم کرنے والی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اس وقت دو نظریات کے درمیان براہ راست مقابلہ جاری ہے۔ ان کے مطابق ایک طرف بابائے آئین ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کا آئین ہے، جبکہ دوسری طرف بی جے پی اور آر ایس ایس کی مبینہ منوسمرتی پر مبنی ذہنیت ہے۔ کانگریس کا یہ احتجاج اتراکھنڈ کے ہلدوانی میں پیش آنے والے ایک تنازع کے بعد کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق شری رام سینا دھرما رتھ سیوا نیاس نامی تنظیم نے دعویٰ کیا تھا کہ کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کی ایک ریلی کے بعد رام لیلا میدان میں "شدھی کرن" کی رسم ادا کی گئی۔ ملکارجن کھرگے نے راجیہ سبھا میں اس معاملے کو اٹھایا تھا۔ اس کے بعد اتراکھنڈ بی جے پی کے صدر مہندر بھٹ نے مبینہ "شدھی کرن" کی تقریب کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا کہ کھرگے کی ریلی کے دوران لگائے گئے بعض نعروں سے رام لیلا میدان کی مبینہ تقدس مجروح ہوا تھا۔ انہوں نے سوال کیا تھا کہ میدان کی "صفائی یا شدھی کرن" کرنے میں کیا غلط تھا؟

تاہم مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر رہنما جے پی نڈا نے راجیہ سبھا میں کہا کہ بی جے پی "شدھی کرن" کے تصور کی حمایت نہیں کرتی اور معاملے کی تحقیقات کرائی جائیں گی۔ اتوار کو دہلی میں کیے گئے احتجاج کے دوران ادے بھانو چب نے ہلدوانی کے واقعے پر شدید اعتراض کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس صدر کی شرکت والے پروگرام کے بعد اسٹیج پر مبینہ طور پر "ہون اور شدھی کرن" کی تقریب منعقد کی گئی۔

چب نے اسے انتہائی شرمناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ مبینہ شدھی کرن محض ایک سینئر سیاسی رہنما کی توہین نہیں بلکہ ان کے مطابق ہندوستان کے آئین کی روح اور ملک کے کروڑوں دلت اور پسماندہ طبقات کے خلاف بھی ایک حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوتھ کانگریس اس مبینہ ذات پات پر مبنی ذہنیت کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور ملک میں حکمرانی آئین کے مطابق ہوگی، منوسمرتی کے مطابق نہیں۔ احتجاج میں یوتھ کانگریس کے قومی جنرل سکریٹری ہری کرشنا اور تنظیم کے دیگر عہدیداران بھی شریک ہوئے۔ احتجاج کے دوران پولیس کی بھاری تعیناتی کے درمیان منوسمرتی کی نقول کو علامتی طور پر نذرِ آتش کیا گیا، جس کے بعد پولیس نے یوتھ کانگریس کے صدر سمیت متعدد مظاہرین کو حراست میں لے لیا۔

# 'میسی ایونٹ کے ٹکٹوں کی رقم واپس کی جائے گی'، بنگال کے وزیر اعلیٰ کا اعلان

کولکاتا (ایجنسی) مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری نے لیونل میسی سے متعلق ہنگامے کا ذکر کرتے ہوئے بڑا بیان دیا۔ انہوں نے کہا کہ 'یوا بھارتی اسٹیڈیم' میں میسی کے پروگرام میں بد انتظامی کے لیے ٹکٹ خریدنے والے 33000 شائقین کو ریاست کے کھیل بجٹ سے رقم واپس کی جائے گی۔ 'وزارڈ آف ہاکی' میجر دھیان چند کی سالگرہ کے موقع پر نبنّا میں منعقد نیشنل اسپورٹس ڈے کی تقریب میں اس واقعے کا ذکر کرتے ہوئے شوبھیندو ادھیکاری نے کہا کہ "میسی کے بہت سے مداح ہیں۔ انہوں نے 4000 اور 6000 روپے کے ٹکٹ خریدے تھے۔ میری خواہش ہے کہ ان 33000 کھیل شائقین کی رقم واپس کی جائے۔ میں نے اندرونی طور پر کارروائی شروع کر دی ہے۔ مجھے امید ہے کہ میں ایسا کر پاؤں گا۔" واضح رہے کہ لیونل میسی 13 دسمبر 2025 کو کولکاتا کے 'یوا بھارتی اسٹیڈیم' آئے تھے، لیکن پروگرام میں کافی بد نظمی ہوئی تھی۔ اس بد نظمی کے لیے ترنمول کانگریس حکومت میں کھیل کے وزیر اروپ بسواس کی حد سے زیادہ مداخلت کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔

**ترنمول بل بورڈ تنازعہ معاملہ**

# ابھیشیک کے بعد کولکاتا پولیس نے ڈیرک او برائن کو جاری کیا نوٹس



کولکاتا (ایجنسی) کولکاتا پولیس نے اتوار کے روز ترنمول کانگریس کے راجیہ سبھا رکن ڈیرک او برائن کو وسطی کولکاتا کی کیمک اسٹریٹ واقع ابھیشیک بنرجی کے پارٹی دفتر کی چھت سے غیر قانونی بل بورڈ ہٹانے کے معاملے میں درج ایف آئی آر کے سلسلے میں سمن جاری کیا۔ نوٹس میں پارٹی کے راجیہ سبھا رکن کو 31 اگست کی دوپہر تک شیکسپیئر سرانی پولیس اسٹیشن میں پیش ہونے کے لیے کہا گیا ہے۔ اتفاق سے ہفتے کی رات اسی پولیس اسٹیشن کے پولیس اہلکار ترنمول کانگریس کے جنرل سکریٹری اور پارٹی کے ڈائمنڈ ہاربر لوک سبھا رکن ابھیشیک بنرجی کی رہائش پر پہنچے اور انہیں بھی اسی معاملے میں سمن جاری کیا۔ نوٹس میں مغربی بنگال کی سابق وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے بھتیجے بنرجی کو یکم ستمبر کی دوپہر تک شیکسپیئر سرانی پولیس اسٹیشن میں حاضر ہونے کے لیے کہا گیا ہے۔ اتوار کی صبح تقریباً 9 بجے شیکسپیئر سرانی پولیس اسٹیشن کے اہلکار جنوبی کولکاتا کی پرنس انور شاہ روڈ واقع او برائن کے گھر پہنچے۔ پولیس افسر نے بتایا کہ کئی بار دروازہ کھٹکھٹانے کے بعد او برائن کا ایک نمائندہ باہر آیا اور ہمارے اہلکاروں نے اسے پوچھ گچھ کا نوٹس سونپ دیا۔ حالانکہ نہ تو بنرجی اور نہ ہی او برائن نے یہ واضح کیا کہ وہ پولیس اسٹیشن میں حاضر ہوں گے اور اس معاملے میں پوچھ گچھ کا سامنا کریں گے یا نہیں۔ جمعرات کی دوپہر کیمک اسٹریٹ پر اس وقت کشیدگی پھیل گئی، جب کولکاتا میونسپل کارپوریشن (کے ایم سی) کے ملازمین پولیس اہلکاروں کے ساتھ ابھیشیک بنرجی کے کیمک اسٹریٹ واقع دفتر میں غیر قانونی بل بورڈ ہٹانے کے لیے پہنچے۔ حالانکہ کے ایم سی کے ملازمین اور پولیس اہلکاروں کو ابھیشیک بنرجی، او برائن اور ترنمول کانگریس کے دیگر لیڈران کی قیادت میں پارٹی کارکنوں کی جانب سے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ پولیس اہلکاروں اور پارٹی کارکنوں کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ اس معاملے میں شیکسپیئر سرانی پولیس اسٹیشن میں درج 3 ایف آئی آر میں شہر کی پولیس نے ترنمول کانگریس کے کارکنوں پر نہ صرف ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں پر حملہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے، بلکہ ایک خاتون پولیس افسر کی عزت مجروح کرنے کی کوشش کا بھی الزام لگایا ہے۔ اس معاملے میں درج 3 ایف آئی آر میں سے 2 میں بنرجی، او برائن اور ترنمول کانگریس کے دیگر رہنماؤں، جیسے ہمایوں کبیر اور بیشونار چٹرجی کے نام شامل ہیں۔ پولیس نے اس سلسلے میں اب تک 14 افراد کو گرفتار کیا ہے۔

